SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

**PRESS RELEASE**

For immediate release

July 24, 2023

## مالیاتی شمولیت کو صرف فن ٹیک کے ذریعے ہی فروغ دیا جاسکتا ہے: کمشنر ایس ای سی پی مجتبیٰ لودھی

اسلام آباد (جولائی 24) سیکورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان کے کمشنر، سپشلائزڈ کمپنیز ڈویژن، جناب مجتبی لودھی نے کہا ہے کہ ملک میں مالیاتی شمولیت کو فروغ دینے کے لئے فن ٹیک پر انحصار کرنا ہوگا۔ مالیاتی خدمات فراہم کرنے والی کمپنیوں کو جدید کاروبای ماڈل اور ٹیکنالوجی کو استمال کر کے جدید مالیاتی مصنوعات اور خدمات فراہم کرناہیں۔ وہ نان بینکنگ فنانس انسٹی ٹیوشنز (این بی ایف آئی) اور مضاربہ ایسوسی ایشن 2022 کی سالانہ ائیر بک کے تیرہویں ایڈیشن کی تقریب رونمائی سے خطاب کر رہے تھے۔

مجبتی لودھی نے پاکستان میں نان بینکنگ فنانس سیکٹر اور مضاربہ کے شعبوں کی اہمیت پر کو اجاگر کرتے ہوئے کہا کہ اس شعبے میں مالیاتی شمولیت کو آگے بڑھانے بے پناہ صلاحیت موجود ہے، لہذا، ان شعبوں پر توجہ مرکوز کر کے، عوام کو بڑے پیمانے پر مالیاتی سہولیات فراہم کی جاسکتی ہی۔ انہوں نے این بی ایف سی اور مضاربہ ایسوسی ائیشن اس سلسلے میں آگاہی پیدا کرنے اور جدید فن ٹیک پروڈکٹس کو متعارف کروانے پر زور دیا۔ انہوں نے کہا کہ نان بینکنگ سیکٹر کے ذریعے مائیکر واور چھوٹے کاروباروں کو تیز ترین قرضے اور مالیاتی خدمات فراہم کی جاسکتی ہیں۔

کمشنر لودھی نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ایس ای سی پی فنانشل سروسز انڈسٹری میں تکنیکی معاونت کی فراہمی اور جدت کو فروغ دینے کے لیے اپنا کردار ادا کرے گا۔ انہوں نے شرکاء کو آگاہ کیا کہ ایس ای سی پی کے ریگولیٹری سینڈ باکس کے چوتھے مرحلے میں اسلامک فنانس کے شعبے کو خاص طور پر شامل کیا گیا ہے تاکہ اس شعبے میں نئے آئیڈیاز، مصنوعات، خدمات اور کاروباری ماڈلز کی حوصلہ افزائی کی جائے۔

تقریب سے خطاب کرتے ہوئے، جناب محفوظ الرحمان پاشا، چیئرمین نان بینکنگ فنانس انسٹی ٹیوشنز اینڈ مضاربہ ایسوسی ایشن نے انڈسٹری کی مسلسل سپورٹ پر ایس ای سی پی کا شکریہ ادا کیا۔ محترمہ خالدہ حبیب، ایگزیکٹو ڈائریکٹر؛ مس مسرت جبین، ایگزیکٹو ڈائریکٹر؛ اور انجمن کے ممبران بھی شریک تھے۔